ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((391

مورخہ 24.07.24

## بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں 21 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغداد الجدید، کینٹ، مسافر خانہ، سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ ڈیراور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 240 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، صدر احمد پور شرقیہ، ہیڈ راجکاں اور تھانہ قائم پور پولیس نے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 3600 گرام چرس اور 30 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ بغداد الجدید، سمہ سٹہ، سٹی احمد پور شرقیہ، نوشہرہ جدید، اوچشریف، عنائتی، اور تھانہ سٹی و صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 09 عدد پسٹل 30 بور، 02 عدد ریپیٹر/ بندوق 12 بور 02 عدد اور 01 عدد کاربین 12 بور برآمد کر لی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس\



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((392

24.07.2024

**بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر میں ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے ٹریفک سٹاف کو متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ڈرائیوروں کو ریفلیکٹرز چسپاں کرنے اور ہیلمٹ کا استعمال ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت۔شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی اور حادثات سے بچاؤ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور حادثات کی روک تھام کے لئے ضلع بھر کے ٹریفک سٹاف کو متعدد احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکل سوار کے لئے ہیلمٹ کا استعمال لازمی ہے، بغیر ہیلمٹ کے موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔لاء انفورسمنٹ و ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کیے جائیں۔دکانوں کے باہر اور سڑکوں پر کاروبار کی ممانعت ہے، فٹ پاتھ پر کاروبار کرنے والوں کا نہیں پیدل چلنے والوں کا حق ہے۔Wrong پارکنگ کو ہر صورت ختم کیا جائے، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی، گاڑیوں سے نکلنے والا مضر صحت دھواں سموگ کا باعث بنتا ہے۔احتیاطی تدابیر اپنانے سے سموگ کے خطرات سے بچا جا سکتا ہے۔سلو موونگ گاڑیوں پر ریفلیکٹر اسٹیکرز بھی لگوائے جائیں تاکہ رات کے اندھیرے کی وجہ سے ہونے والے حادثات کی شرح میں نمایاں کمی لاتے ہوئے شہریوں کی سڑکوں پر سیفٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔ڈی پی او بہاولپور نے شہریوں کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ پوری ذمہ داری کے ساتھ ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں اور اپنی دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا چیک اپ کروا کر ان کو ٹھیک کروائیں تاکہ دھوئیں کی وجہ سے ماحول میں پھیلنے والی آلودگی سے بچا جا سکے۔ماحولیاتی اور فضائی آلودگی سے پاک آب و ہوا ہر شہری کی ضرورت، سماجی ذمہ داری اور صحت مند معاشرے کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر میں ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے ٹریفک سٹاف کو متعدد احکامات جاری کر دیئے